## 6309 ـ گرہن کی نماز میں دوسرے رکوع کے ساتھ آکر ملا

**سوال**

اگر میں گرہن کی نماز میں پہلی رکعت کے دوسرے رکوع میں آکر ملوں تو مجھے کیا کرنا ہو گا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

گرہن کی نماز میں پہلے رکوع میں ملنے سے آپ کو رکعت مل سکتی تھی، اس بنا پر آپ نے جو سوال کیا ہے، آپ نے امام کے ساتھ دوسری رکعت پائی ہے، لہذا آپ سلام پھیرنے کے بعد ایك مکمل رکعت جس میں دو بار قرآت اور دو رکوع اور دو سجدے ہیں ادا کریں گے.

مزید تفصیل کے لیے آپ گرہن کی نماز کا طریقہ دیکھیں